پیر صبغت اللہ راشدی سے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو،شاہ مردان پیر صاحب پگارا کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

شاہ مردان پیر صاحب پگارا ایک بہت بڑا قومی ورثہ تھے،ان کا خلاء آسانی سے پر نہیں ہوگا،الطاف حسین

پیر صاحب پگارا مرحوم نے ملک وقوم کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔الطاف حسین

آپ ہمارے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ ذمہ داری ادا کرنے کی ہمت اور طاقت عطا فرمائے۔

پیر صبغت اللہ راشدی کی قائد تحریک الطاف حسین سے گفتگو

ایم کیو ایم کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے اور انشاء اللہ یہ رابطہ قائم رہے گا۔پیر صبغت اللہ راشدی

لندن:۔۔۔17،جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نئے پیر پگارا پیر صبغت اللہ راشدی سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے ان کے والد اور حروں کے روحانی پیشوا شاہ مردان پیر صاحب پگارا کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے پیر صبغت اللہ راشدی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پیر صاحب پگارا ایک بہت بڑا قومی ورثہ تھے اور ان کے انتقال سے پیدا ہونے والا خلاء آسانی سے پر نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پیر صاحب پگارا نے ملک وقوم کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ یادرکھی جائیں گی اور مجھے امید ہے کہ آپ بھی اپنے والد محترم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک وقوم،مریدین اور غریب و مستحق افراد کی خدمت کا سلسلہ اسی طرح جاری رکھیں گے جو آپ کے خاندان کی برسوں کی روایت ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شاہ مردان پیر صاحب پگارا مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے،سوگوار لواحقین اور مریدین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔۔پیر صبغت اللہ راشدی نے جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمارے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ ذمہ داری ادا کرنے کی ہمت اور طاقت عطا فرمائے اور ہماری مشکلات کو آسان کرے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے اور انشاء اللہ یہ رابطہ قائم رہے گا۔ہم نہ صرف آپس میں رابطے میں رہیں گے بلکہ ایک دوسرے کا ساتھ بھی نبھائیں گے۔

☆☆☆☆☆